DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 420

DATED. 10 – 05 – 2026.

SUBJECT:- **PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

***for*** **(Director General)**

*The Press Secretary to*
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO.081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 10.05.2026

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | خواتین سے متعلق قومی کمیشن انصاف تک رسائی میں موثر کردار ادا کر رہا ہے، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کئی گنا بڑے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے کوئی قوت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی، وزیر اعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | معرکہ حق ملکی دفاع کی تاریخ کا روشن باب ہے، صوبائی وزراء وارا کین اسمبلی۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | پاکستان نے معرحق میں بھارت کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا، صادق عمرانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | پاکستانی قوم تاریخی کامیابی عزم واتحاد کے طور پر منا رہی ہے، علی مدد جتک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | معرکہ حق دشمن کی سازش ناکام قوم کا سر فخر سے بلند ہو، اضیاء لانگو۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | پولیو کی روک تھام کے لیے مہم کو مزید بہتر بنایا جائے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | دشمن کے عزائم ناکام بنانے کے لیے ادارے متحرک ہیں، آئی جی ایف سی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | آئی جی ایف سی (نارتھ) کی شہید میجر انور کاکڑ کی رہائش گاہ آمد۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | یو اے ای کا تعمیر شدہ ہسپتال حکومت بلوچستان کے حوالے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے اعلیٰ سطحی وفد کا دورہ بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | ضلعی انتظامیہ کی جانب سے معرکہ حق کے حوالے سے ریلی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | معرکہ حق عظیم فتح کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ریلیاں۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | گرمی کی شدت بلوچستان کے گرم علاقوں میں تعلیمی اداروں کی تعطیلات پر غور۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | اے ڈی بی کی بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے قرض فراہم کرنے کی یقین دہانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | گوادر کو اسمارٹ عالمی پورٹ سٹی بنانے کی تیاری ماسٹر پلان کے دوسرے مراحل پر عملدرآمد شروع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | وفاقی حکومت کا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام صوبوں کے حوالے کرنے پر غور۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | پیٹرولیم مصنوعات میں اضافے کے خلاف کل سے احتجاج کا اعلان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | ناقص طرز حکمرانی نے تمام اداروں کو مفلوج بنا دیا پشتونخوا میپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ نوجوانوں کا غائب ہونا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

لورالائی پولیس کا فیکٹری پر چھاپا کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد، حب رند مارکیٹ سے اغوا ہونے والی بچی 24 گھنٹے میں بازیاب، خضدار پولیس کی کارروائی دو ملزمان گرفتار، اسمگلنگ کی کوشش ناکام پسنی سے اسلحہ ومنشیات کی بھاری کھیپ پکڑی گئی۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مسائل :**

بسیمہ کلی حاجی غلام محمد کا ٹرانسفارمر خراب مکینوں کو مشکلات، چمن اساتذہ کی بھرتیوں میں اقربا پروری کا نوٹس لیا جائے امیدوار، ہزار گنجی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ٹیچنگ ہسپتال خضدار عوام بنیادی سہولیات سے محروم، چاغی گرمی کی شدت میں اضافہ شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، حب اور ساکران کے پیاسے سڑکوں پر نکل آئے روڈ ٹریفک کے لیے بند۔

**مورخہ** 10.05.2026

**اداریہ :**

روزنامہ بلوچستان کوئٹہ نے "**گرین اور پنک بس سروسز کو الیکٹرک میں تبدیل کرنے کا فیصلہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ماحولیاتی آلودگی زیادہ ہے۔ شہر کے کچھ علاقوں میں ترقیاتی کام ہونے کی وجہ سے گرد و غبار کا رہنا، کرشنگ پلانٹس کے ہونے، نالوں کی بروقت صفائی نہ کرنے، دھواں دینے والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ایک بڑی تعداد کا شہر کی سڑکوں پر چلنا، اینٹ کے بھٹوں کا ہوتا، درختوں کا نہ لگانا اور ان کی حفاظت نہ کرنے جیسے اقدامات جب تک نہیں اٹھائے جاتے ماحولیاتی آلودگی کا خاتمہ ممکن نہیں ہے۔ اس کے لیے متعلقہ محکمے گاہے بگاہے اقدامات کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں چلنے والے پرانے ماڈل کے ٹو سٹروک رکشوں کو ختم کر کے ان کی جگہ فور سٹروک رکشوں کو متعارف کروایا گیا۔ جس سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے کچھ کامیابی ہوئی۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سالوں پرانی لوکل بسیں ایک عرصے سے چل رہی تھیں جو کہ انتہائی خستہ حال اور ان کے انجن دھواں دیتے تھے۔ اس سے بھی ماحولیاتی آلودگی پیدا ہوئی تھی۔ اس اثناء میں گرین بسوں کو متعارف کروایا گیا۔ بعدازاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس منصوبے میں توسیع کرنے کا اعلان کیا۔

**اداریے :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **صوبائی حکومت کا بلوچستان کا پائیدار ترقی کیلئے دس سالہ جامع ترقیاتی منصوبہ صوبے کی ترقی و خوشحالی کو نوید**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے" Surplus Budget People waiting for change " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **وزیراعلیٰ بلوچستان کا نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کا وژن** "" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 MAY 2026

Page No. 1

## خواتین کی فلاح و بہبود کیلئے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے، گورنر مندوخیل

**سید عاصم منیر کی قیادت میں ملک مزید مضبوط ہوا، معرکہ حق کی تقریب سے خطاب**

اسلام آباد (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں چیئرپرسن نیشنل کمیشن آن دی سٹیٹس آف ویمن نورین بانو لہڑی کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران خواتین کے حقوق، اختیارات اور بنیادی آزادیوں سمیت صنفی مساوات کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ خواتین کی حیثیت سے متعلق قومی کمیشن درحقیقت خواتین اور بچیوں کے حقوق، بہبود، تحفظ، معاشی خودمختاری اور انصاف تک رسائی میں انتہائی اہم اور موثر کردار ادا کر رہا ہے۔ کمیشن کے مینڈیٹ اور جاری اقدامات کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایسے ادارے معاشرے میں خواتین کے باوقار مقام کو مستحکم کرنے اور صنفی مساوات کے فروغ کیلئے کلیدی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے اس بات پر خصوصی خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا کہ پہلی بار بلوچستان کی ایک قابل اور باصلاحیت خاتون محترمہ نورین بانو لہڑی کو خواتین کی حیثیت سے متعلق قومی کمیشن کی چیئرپرسن مقرر کیا گیا ہے۔ گورنر بلوچستان نے یقین دلایا کہ صوبے میں خواتین کے حقوق، تعلیم، معاشی خودمختاری، انصاف تک رسائی اور صنفی بنیاد پر تشدد کے خاتمے سے متعلق ہر مثبت اقدام میں گورنر ہاؤس اور صوبائی سطح پر ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے مشترکہ کاوشیں وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس سلسلے میں خواتین کی حیثیت سے متعلق قومی کمیشن کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے معرکۂ حق کی مناسبت سے کوئٹہ میں منعقدہ جشن پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی شاندار فتح قومی یکجہتی اور افواج پاکستان کے غیر متزلزل جذبے کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت جیسے بڑے ملک کے مقابلے میں کامیابی ہماری افواج کی دلیری، حکمتِ عملی اور قوم کے اتحاد کا ثبوت ہے۔ تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، لیڈر آف دی اپوزیشن میر یونس زہری، اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور اعلیٰ سول و ملٹری حکام شریک تھے جبکہ پچاس سے زائد ممالک کے مہمانوں نے بھی شرکت کی۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ دشمن شکست کے بعد سازشوں کے ذریعے قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے لیکن پاکستان ہر محاذ پر کامیابی حاصل کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ سید عاصم منیر کی قیادت میں ملک مزید مضبوط ہوا ہے اور نوجوانوں میں حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری کی تکمیل کے بعد پاکستان خطے میں معاشی و تجارتی مرکز بنے گا۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان اور کمانڈر 12 کور نے پاک آرمی کے لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کیا اور جنگی ساز و سامان سے متعلق بریفنگ لی۔

MASHRIQ QUETTA

## خواتین سے متعلق قومی کمیشن انصاف تک رسائی میں موثر کردار ادا کر رہا ہے، گورنر


**ایسے ادارے معاشرے میں خواتین کے باوقار مقام کو مستحکم اور صنفی مساوات کے فروغ کیلئے کلیدی اہمیت کے حامل ہیں، شیخ جعفر خان مندوخیل**

**صوبائی سطح پر خواتین کے حقوق، تعلیم، معاشی خودمختاری اور تشدد کے خاتمے سے متعلق ہر مثبت اقدام میں تعاون فراہم کریں گے**

**گورنر بلوچستان سے اسلام آباد میں نورین بانو لہڑی کی قیادت میں وفد کی ملاقات صنفی مساوات کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال**

اسلام آباد (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں چیئرپرسن نیشنل کمیشن آن دی سٹیٹس آف ویمن نورین بانو لہڑی کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی ملاقات کے دوران خواتین کے حقوق، اختیارات اور بنیادی آزادیوں سمیت صنفی مساوات کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ خواتین......

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر



گورنر جعفر خان مندوخیل کے ہمراہ چیئرپرسن نیشنل کمیشن آن دی سٹیٹس آف ویمن کے نمائندوں کا گروپ فوٹو

کی حیثیت سے متعلق قومی کمیشن درحقیقت خواتین اور بچیوں کے حقوق، بہبود، تحفظ، معاشی خودمختاری اور انصاف تک رسائی میں انتہائی اہم اور موثر کردار ادا کر رہا ہے کمیشن کے مینڈیٹ اور جاری اقدامات کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایسے ادارے معاشرے میں خواتین کے باوقار مقام کو مستحکم اور صنفی مساوات کے فروغ کیلئے کلیدی اہمیت کے حامل ہیں انہوں نے اس بات پر خصوصی خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا کہ پہلی بار بلوچستان کی ایک قابل اور باصلاحیت خاتون محترمہ نورین بانو لہڑی کو خواتین کی حیثیت سے متعلق قومی کمیشن کی چیئرپرسن مقرر کیا گیا ہے امید ہے کہ محترمہ نورین بانو لہڑی اپنے تجربے، وژن اور قائدانہ صلاحیتوں کے ذریعے نہ صرف قومی سطح پر بلکہ بلوچستان میں خواتین کی ترقی، تحفظ اور معاشی طور پر بااختیار بنانے کیلئے مزید موثر اقدامات کریں گی گورنر بلوچستان نے یقین دلایا کہ صوبے میں خواتین کے حقوق، تعلیم، معاشی خودمختاری، انصاف تک رسائی اور صنفی بنیاد پر تشدد کے خاتمے سے متعلق ہر مثبت اقدام میں گورنر ہاؤس اور صوبائی سطح پر ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے مشترکہ کاوشیں وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس سلسلے میں خواتین کی حیثیت سے متعلق قومی کمیشن کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا۔ خواتین کی حیثیت سے متعلق قومی کمیشن کی چیئرپرسن اور ان کی ٹیم نے گورنر بلوچستان کا ہر ممکن تعاون اور رہنمائی فراہم کرنے کی یقین دہانی پر خصوصی شکریہ ادا کیا اور ملاقات کو انتہائی مثبت، تعمیری اور حوصلہ افزا قرار دیا۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 40 روپے

جلد 55 | اتوار 22 ذیقعد 1447ھ 10 مئی 2026ء | نمبر 128

## کوئی قوت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی

وزیراعلیٰ بگٹی

کئی گنا بڑے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے

سازش کے تحت نوجوانوں کی ذہن سازی کی جارہی ہے، تشدد، نفرت کے ذریعے مقصد حاصل نہیں کیا جاسکتا، صدیوں سے آباد پنجابی بھی اتنے ہی بلوچستانی ہیں جتنی دیگر قومیتیں، خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن باب ہے جس نے دنیا پر یہ واضح کر دیا کہ پاکستانی قوم اور افواجِ پاکستان ہر قسم کے داخلی و خارجی خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقدہ ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کا دن قومی تاریخ میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ دشمن نے پاکستان کو کمزور سمجھتے ہوئے نقصان پہنچانے کی کوشش کی، مگر افواجِ پاکستان نے جس جرات، حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت سے جواب دیا، اس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جراتمندانہ قیادت میں افواجِ پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے اور یہ ثابت کیا کہ ایک منظم اور مضبوط فوج کی موجودگی میں کوئی اندرونی یا بیرونی قوت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اور پاکستان کے عوام، بالخصوص نوجوان نسل، اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر ریاست کے خلاف سرگرم ہیں اور جو لوگ ان کی حمایت کرتے ہیں، وہ خود دیکھ لیں کہ ایسے اقدامات کے نتیجے میں ان کے حامیوں کو کس قدر نقصان اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ان کی شناخت بلوچ ہونے سے پہلے ایک پاکستانی کی ہے اور بلوچستان کے عوام کو بھی یہ حقیقت سمجھنی ہوگی کہ تشدد، نفرت اور ہتھیاروں کے ذریعے کوئی مثبت مقصد حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ 1947 میں ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے ساتھ الحاق کا جو تاریخی فیصلہ کیا، ہمیں اس پر فخر ہے اور یہی فیصلہ آج بھی ہماری قومی شناخت اور وحدت کی بنیاد ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو تعلیم، ترقی اور روشن مستقبل کے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے دنیا کے ممتاز تعلیمی اداروں، بشمول آکسفورڈ اور ہارورڈ یونیورسٹیوں، تک رسائی کے دروازے کھولے ہیں تاکہ بلوچستان کا نوجوان عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انہوں نے حالیہ دورہ تربت کے دوران اس امر کا مشاہدہ کیا کہ ایک منظم سازش کے تحت نوجوانوں کی ذہن سازی کی جا رہی ہے، تاہم بلوچستان کے باشعور عوام ایسی منفی سرگرمیوں کو مسترد کر رہے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 22 ذی القعدہ 1447ھ 10 مئی 2026ء صفحات 24 | شمارہ 305

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

بلوچستان کا ہر بچہ افواج پاکستان کیساتھ کھڑا ہے

# قوم ملک کے دفاع، سلامتی اور استحکام کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی، میر سرفراز بگٹی

جو عناصر ریاست کے خلاف سرگرم ہیں اور جو لوگ ان کی حمایت کرتے ہیں، وہ خود دیکھ لیں کہ ایسے اقدامات کے نتیجے میں ان کے حامیوں کو کس قدر نقصان اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، وزیراعلیٰ

نوجوانوں کو تعلیم، ترقی اور روشن مستقبل کے مواقع فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں دنیا کے ممتاز تعلیمی اداروں تک رسائی کے دروازے کھولے، معرکہ حق کا سال مکمل ہونے پر تقریب سے خطاب

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جراتمندانہ قیادت میں افواج پاکستان نے طاقت کے غرور میں مبتلا دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا معرکہ حق کے موقع پر خصوصی پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معرکہ حق کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ معرکہ حق وہ تاریخی دن ہے جب پاکستان نے اپنی قوت، خودداری اور غیر متزلزل عزم کا لوہا پوری دنیا میں منوایا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن قومی اتحاد، جرات، قربانی اور مادر وطن کے دفاع کے عزم کی روشن علامت کے طور پر .......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن باب ہے جس نے دنیا پر یہ واضح کر دیا کہ پاکستانی قوم اور افواج پاکستان ہر قسم کے داخلی و خارجی خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر .......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے تاجر رہنما کے امرالدین آغا بکری حمید بنگلو کی ملاقات کر رہے ہیں

ہمیشہ یاد رکھا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عظیم موقع پر افواج پاکستان، قومی سیاسی قیادت اور خصوصاً سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جراتمندانہ قیادت میں افواج پاکستان نے طاقت کے غرور میں مبتلا دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے اور دنیا پر واضح کر دیا کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہاتھوں میں ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اس دن کو پاکستان کے تحفظ، سلامتی اور استحکام کے عزم کے ساتھ یوم فخر کے طور پر مناتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے غیور عوام ہمیشہ وطن عزیز کے دفاع، قومی سلامتی اور یکجہتی کے لیے صف اول کا کردار ادا کرتے آئے ہیں اور آئندہ بھی اپنی اس قومی ذمہ داری کو بھرپور انداز میں نبھاتے رہیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان کی جانب اٹھنے والی ہر میلی آنکھ کے سامنے افواج پاکستان اور پوری قوم سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن اس عہد کی تجدید کا دن ہے کہ پاکستان سے وفاداری، محبت اور قومی یکجہتی میں کسی قسم کی کمزوری آنے نہیں دی جائے گی اور ملک کی سلامتی و استحکام کے لیے پوری قوم متحد رہے گی انہوں نے کہا کہ معرکہ ؟ حق نے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان ایک مضبوط، خودمختار اور باوقار ریاست ہے اور قوم اپنے دفاع اور نظریاتی سرحدوں کے تحفظ کے لیے ہر قربانی دینے کا حوصلہ رکھتی ہے۔

منعقدہ ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کا دن قومی تاریخ میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ دشمن نے پاکستان کو کمزور سمجھتے ہوئے نقصان پہنچانے کی کوشش کی، مگر افواج پاکستان نے جس جرات، حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت سے جواب دیا، اس کی مثال نہیں ملتی انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جراتمندانہ قیادت میں افواج پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے اور یہ ثابت کیا کہ ایک منظم اور مضبوط فوج کی موجودگی میں کوئی اندرونی یا بیرونی قوت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اور پاکستان کے عوام، بالخصوص نوجوان نسل، اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر ریاست کے خلاف سرگرم ہیں اور جو لوگ ان کی حمایت کرتے ہیں، وہ خود دیکھ لیں کہ ایسے اقدامات کے نتیجے میں ان کے حامیوں کو کس قدر نقصان اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ان کی شناخت بلوچ ہونے سے پہلے ایک پاکستانی کی ہے اور بلوچستان کے عوام کو بھی یہ حقیقت سمجھنی ہوگی کہ تشدد، نفرت اور ہتھیاروں کے ذریعے کوئی مثبت مقصد حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ 1947 میں ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے ساتھ الحاق کا جو تاریخی فیصلہ کیا، ہمیں اس پر فخر ہے اور یہی فیصلہ آج بھی ہماری قومی شناخت اور وحدت کی بنیاد ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو تعلیم، ترقی اور روشن مستقبل کے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے دنیا کے ممتاز تعلیمی اداروں، بشمول آکسفورڈ اور ہارورڈ یونیورسٹیوں، تک رسائی کے دروازے کھولے ہیں تاکہ بلوچستان کا نوجوان عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انہوں نے حالیہ دورہ تربت کے دوران اس امر کا مشاہدہ کیا کہ ایک منظم سازش کے تحت نوجوانوں کی ذہن سازی کی جا رہی ہے، تاہم بلوچستان کے باشعور عوام ایسی منفی سرگرمیوں کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر نے مخصوص افراد کو ہیرو بنا کر ایک مصنوعی بیانیہ گھڑا کرنے کی کوشش کی، لیکن زمینی حقائق اور عوامی شعور نے ان عزائم کو ناکام بنا دیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آباد تمام اقوام اور برادریاں برابر کی شہری ہیں اور پنجابی برادری، جو صدیوں سے بلوچستان میں آباد ہے، اتنی ہی بلوچستانی ہے جتنی دیگر قومیں۔ صوبے کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام طبقات کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان نے معرکہ حق کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو یقین دلاتی ہے کہ ان کے پیاروں کا مقدس خون کبھی رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا ہر بچہ افواج پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے اور پوری قوم متحد ہو کر "پاکستان زندہ باد" اور "پاک فوج زندہ باد" کا نعرہ بلند کرتی رہے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

1

...t No.

Page No. 4



روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنڈے

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 147 | اتوار، 22 ذیقعد، 10 مئی 2026ء، صفحات 6 قیمت 40 روپے


# معرکہ حق ملک کی تاریخ کا عظیم اور فیصلہ کن باب ہے

وزیراعلیٰ گورنر

## فیلڈ مارشل کی قیادت میں افواج پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کے عزائم خاک میں ملادیئے، تقریب سے خطاب

## بھارت کو جنگ میں شکست دی اس کی پراکسیز کو بھی ہرائیں گے، جعفر مندوخیل، کور کمانڈر نے سٹالز کا معائنہ کیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن باب ہے جس نے دنیا پر یہ واضح کر دیا کہ پاکستانی قوم (باقی صفحہ 5 نمبر14)

اور افواج پاکستان ہر قسم کے داخلی و خارجی خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقدہ ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کا دن قومی تاریخ میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ دشمن نے پاکستان کو کمزور سمجھتے ہوئے نقصان پہنچانے کی کوشش کی، مگر افواج پاکستان نے جس جرات، حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت سے جواب دیا اس کی مثال نہیں ملتی انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جرات مندانہ قیادت میں افواج پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے اور یہ ثابت کیا کہ ایک منظم اور مضبوط فوج کی موجودگی میں کوئی اندرونی یا بیرونی قوت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اور پاکستان کے عوام، بالخصوص نوجوان نسل، اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر ریاست کے خلاف سرگرم ہیں اور جو لوگ ان کی حمایت کرتے ہیں، وہ خود دیکھ لیں کہ ایسے اقدامات کے نتیجے میں ان کے حامیوں کو کس قدر نقصان اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ

ان کی شناخت بلوچ ہونے سے پہلے ایک پاکستانی کی ہے اور بلوچستان کے عوام کو بھی یہ حقیقت سمجھنی ہوگی کہ تشدد، نفرت اور ہتھیاروں کے ذریعے کوئی مثبت مقصد حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ 1947 میں ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے ساتھ الحاق کا جو تاریخی فیصلہ کیا، ہمیں اس پر فخر ہے اور یہی فیصلہ آج بھی ہماری قومی شناخت اور وحدت کی بنیاد ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو تعلیم، ترقی اور روشن مستقبل کے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے دنیا کے ممتاز تعلیمی اداروں، بشمول آکسفورڈ اور ہارورڈ یونیورسٹیوں، تک رسائی کے دروازے کھولے ہیں تاکہ بلوچستان کا نوجوان عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انہوں نے حالیہ دورہ تربت کے دوران اس امر کا مشاہدہ کیا کہ ایک منظم سازش کے تحت نوجوانوں کی ذہن سازی کی جا رہی ہے تاہم بلوچستان کے باشعور عوام ایسی منفی سرگرمیوں کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر نے مخصوص افراد کو ہیرو بنا کر ایک مصنوعی بیانیہ کھڑا کرنے کی کوشش کی، لیکن زمینی حقائق اور عوامی شعور نے ان عزائم کو ناکام بنا دیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آباد تمام اقوام اور برادریاں برابر کی شہری ہیں اور پنجابی برادری، جو صدیوں سے بلوچستان میں آباد ہے اتنی ہی بلوچستانی ہے جتنی دیگر قومیتیں۔ صوبے کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام طبقات کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان نے معرکہ حق کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو یقین دلاتی ہے کہ ان کے پیاروں کا مقدس خون کبھی رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا ہر بچہ افواج پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے اور پوری قوم متحد ہو کر "پاکستان زندہ باد" اور "پاک فوج زندہ باد" کا نعرہ بلند کرتی رہے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

t No. 1

Page No. 3



THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل I-4

قیمت 30 روپے

صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | اتوار 10 مئی 2026ء بمطابق 22 ذوالقعدۃ 1447ھ | شمارہ نمبر 128


معرکہ حق فیصلہ کن باب

سرفراز بگٹی

# بلوچستان کے عوام نے منفی سرگرمیوں کو مسترد کر دیا

## پاکستانی قوم اور افواج ہر قسم کے داخلی و خارجی خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، نوجوان نسل ملکی دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگی

### تشدد اور نفرت سے مقصد حاصل نہیں کیا جا سکتا، بلوچستان میں آباد تمام اقوام برابر، شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، وزیراعلیٰ کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن باب ہے جس نے دنیا پر یہ واضح کر دیا کہ پاکستانی قوم اور افواج پاکستان ہر قسم کے داخلی و خارجی خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج کا دن قومی تاریخ میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ دشمن نے پاکستان کو کمزور سمجھتے ہوئے نقصان پہنچانے کی کوشش کی، مگر افواج پاکستان نے جس جرأت، حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت سے جواب دیا، اس کی مثال نہیں ملتی، انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جرأتمندانہ قیادت میں افواج پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے اور یہ ثابت

بقیہ نمبر 72 صفحہ 5 پر

کیا کہ ایک منظم اور مضبوط فوج کی موجودگی میں کوئی اندرونی یا بیرونی قوت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اور پاکستان کے عوام بالخصوص نوجوان نسل اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے دفاع، سلامتی اور استحکام کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر ریاست کے خلاف سرگرم ہیں اور جو لوگ ان کی حمایت کرتے ہیں، وہ خود دیکھ لیں کہ ایسے اقدامات کے نتیجے میں ان کے حامیوں کو کس قدر نقصان اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کی شناخت بلوچ ہونے سے پہلے ایک پاکستانی کی ہے اور بلوچستان کے عوام کو بھی یہ حقیقت سمجھنی ہوگی کہ تشدد، نفرت اور ہتھیاروں کے ذریعے کوئی مثبت مقصد حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ 1947 میں ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے ساتھ الحاق کا جو تاریخی فیصلہ کیا، ہمیں اس پر فخر ہے اور یہی فیصلہ آج بھی ہماری قومی شناخت اور وحدت کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو تعلیم، ترقی اور روشن مستقبل کے مواقع فراہم کرنے کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے، صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لئے دنیا کے ممتاز تعلیمی اداروں بشمول آکسفورڈ اور ہارورڈ یونیورسٹیوں تک رسائی کے دروازے کھولے ہیں تاکہ بلوچستان کا نوجوان عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے حالیہ دورہ تربت کے دوران اس امر کا مشاہدہ کیا کہ ایک منظم سازش کے تحت نوجوانوں کی ذہن سازی کی جا رہی ہے تاہم بلوچستان کے باشعور عوام ایسی منفی سرگرمیوں کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر نے مخصوص افراد کو ہیرو بنا کر ایک مصنوعی بیانیہ کھڑا کرنے کی کوشش کی، لیکن زمینی حقائق اور عوامی شعور نے ان عزائم کو ناکام بنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آباد تمام اقوام اور برادریاں برابر کی شہری ہیں اور پنجابی برادری جو صدیوں سے بلوچستان میں آباد ہے، اتنی ہی بلوچستانی ہے جتنی دیگر قومیتیں ہیں۔ صوبے کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لئے تمام طبقات کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے معرکہ حق کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو یقین دلاتی ہے کہ ان کے پیاروں کا مقدس خون کبھی رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان

جلد 30 | اتوار 10 مئی 2026ء بمطابق 22 ذوالقعدۃ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 129

**شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا**

# بلوچستان کا ہر بچہ افواج پاکستان کیساتھ کھڑا ہے، وزیراعلیٰ

پاکستان ایک مضبوط، خودمختار اور باوقار ریاست ہے جو اپنے دفاع، سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر مکمل طور پر تیار ہے

**بلوچستان کے عوام ملکی دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے ہمیشہ صفِ اول میں کھڑے رہے ہیں، میر سرفراز بگٹی کا معرکہ حق پر خصوصی پیغام**



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی معرکہ حق کے حوالے سے پیغام جاری کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن + نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معرکہ حق کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا ایک ایسا عظیم اور یادگار دن ہے جب ملک نے اپنی قوت، قومی خودداری اور غیر متزلزل عزم کا لوہا پوری دنیا میں منوایا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن صرف ایک عسکری کامیابی کی یاد نہیں بلکہ قومی وحدت، قیادت کے درست فیصلوں اور افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا روشن باب بھی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے پیغام میں کہا کہ معرکہ حق اس حقیقت کی واضح علامت ہے کہ پاکستان ایک مضبوط، خودمختار اور باوقار ریاست ہے جو اپنے دفاع، سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر مکمل طور پر تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی وطن عزیز کو کسی بیرونی خطرے یا جارحیت کا سامنا ہوا، پاکستانی قوم اور افواج پاکستان نے اتحاد، عزم اور بہادری کے ساتھ دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا۔ میر سرفراز بگٹی نے اس عظیم دن کے موقع پر افواج پاکستان، قومی سیاسی قیادت اور بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی جرأتمندانہ قیادت اور بروقت فیصلوں نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-27 | اتوار 10 مئی 2026ء بمطابق 22 ذوالقعدہ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-127

# بلوچستان میں پنجابی برادری اتنی ہی بلوچستانی ہے جتنی دیگر قومیتیں: سرفراز بگٹی

## معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن باب ہے جس نے دنیا پر یہ واضح کر دیا کہ پاکستانی قوم اور افواج پاکستان ہر قسم کے داخلی و خارجی خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں

## حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو یقین دلاتی ہے کہ ان کے پیاروں کا مقدس خون کبھی رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا

## دشمن نے پاکستان کو کمزور سمجھتے ہوئے نقصان پہنچانے کی کوشش کی، مگر افواجِ پاکستان نے جس جرات، حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت سے جواب دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن باب ہے جس نے دنیا پر یہ واضح کر دیا کہ پاکستانی قوم اور افواجِ (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر) پاکستان ہر قسم کے داخلی و خارجی خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقدہ ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کا دن قومی تاریخ میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ دشمن نے پاکستان کو کمزور سمجھتے ہوئے نقصان پہنچانے کی کوشش کی، مگر افواج پاکستان نے جس جرات، حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت سے جواب دیا، اس کی مثال نہیں ملتی انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جراتمندانہ قیادت میں افواج پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے اور یہ ثابت کیا کہ ایک منظم اور مضبوط فوج کی موجودگی میں کوئی اندرونی یا بیرونی قوت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اور پاکستان کے عوام، بالخصوص نوجوان نسل، اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر ریاست کے خلاف سرگرم ہیں اور جو لوگ ان کی حمایت کرتے ہیں، وہ خود دیکھ لیں کہ ایسے اقدامات کے نتیجے میں ان کے حامیوں کو کس قدر نقصان اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ان کی شناخت بلوچ ہونے سے پہلے ایک پاکستانی کی ہے اور بلوچستان کے عوام کو بھی یہ حقیقت سمجھنی ہوگی کہ تشدد، نفرت اور ہتھیاروں کے ذریعے کوئی مثبت مقصد حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ 1947 میں ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے ساتھ الحاق کا جو تاریخی فیصلہ کیا، ہمیں اس پر فخر ہے اور یہی فیصلہ آج بھی ہماری قومی شناخت اور وحدت کی بنیاد ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو تعلیم، ترقی اور روشن مستقبل کے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے دنیا کے ممتاز تعلیمی اداروں، بشمول آکسفورڈ اور ہارورڈ یونیورسٹیوں، تک رسائی کے دروازے کھولے ہیں تاکہ بلوچستان کا نوجوان عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انہوں نے حالیہ دورِ تربت کے دوران اس امر کا مشاہدہ کیا کہ ایک منظم سازش کے تحت نوجوانوں کی ذہن سازی کی جا رہی ہے، تاہم بلوچستان کے باشعور عوام ایسی منفی سرگرمیوں کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر نے مخصوص افراد کو ہیرو بنا کر ایک مصنوعی بیانیہ کھڑا کرنے کی کوشش کی، لیکن زمینی حقائق اور عوامی شعور نے ان عزائم کو ناکام بنا دیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آباد تمام اقوام اور برادریاں برابر کی شہری ہیں اور پنجابی برادری، جو صدیوں سے بلوچستان میں آباد ہے، اتنی ہی بلوچستانی ہے جتنی دیگر قومیتیں۔ صوبے کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام طبقات کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان نے معرکہ حق کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو یقین دلاتی ہے کہ ان کے پیاروں کا مقدس خون کبھی رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا ہر بچہ افواج پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے اور پوری قوم متحد ہو کر "پاکستان زندہ باد" اور "پاک فوج زندہ باد" کا نعرہ بلند کرتی رہے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

8

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1453 QUETTA Sunday May 10, 2026 / Dhu'l-Qi'dah 22, 1447 Rs:

# Bugti hails Pakistan's resolve on Marka-e-Haq

**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti in a special message issued on the first anniversary of Marka-e-Haq, describing it as a historic day when Pakistan demonstrated its strength, dignity, and unwavering resolve to the world.

Sarfraz Bugti paid tribute to the Armed Forces of Pakistan, the country's political leadership, and especially Field Marshal Syed Asim Munir, whose courageous command, he said, thwarted the malicious ambitions of an arrogant enemy.

"Under the fearless leadership of Field Marshal Syed Asim Munir, our forces crushed the enemy's designs and proved Pakistan's resilience," Bugti added.

The Chief Minister emphasized that the people of Balochistan celebrate this day as a Day of Pride, reaffirming their commitment to the nation's security, stability, and sovereignty. He highlighted the province's longstanding role in defending the homeland, pledging that Balochistan's people will continue to stand at the forefront of national defense.

Sarfraz Bugti further declared that Pakistan's armed forces and its people remain united as a "wall of steel" against any hostile intent. He stressed that the day symbolizes a renewal of the pledge to uphold loyalty, patriotism, and national unity without compromise.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 MAY 2026

Page No. 9

# معرکہ حق ملکی دفاع کی تاریخ کا روشن باب ہے، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی

آپریشن "بنیان المرصوص" نے پاکستان کی عسکری صلاحیت، قومی یکجہتی اور دفاعی عزم کو دنیا بھر میں اجاگر کیا' سلیم کھوسہ' بخت محمد کاکڑ

معرکہ حق میں پاک افواج کی بہادری اور جرات نے دشمن کو شکست سے دوچار کیا' میر شعیب نوشیروانی' حاجی محمد خان لہڑی

دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے والے غازیوں و وطن پر جان نچھاور کرنے والے شہداء پر پوری قوم کو فخر ہے' سردار مسعود لونی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی نے معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص کی پہلی سالگرہ کے موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ولولہ انگیز قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معرکہ ملکی دفاع کی تاریخ کا ایک روشن اور سنہرا باب ہے جس نے پاکستان کی عسکری صلاحیت، قومی یکجہتی اور دفاعی عزم کو دنیا بھر میں اجاگر کیا دشمن کو اگر یہ دن یاد رہا تو ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کبھی بھی پاکستان کے خلاف وہ سوچے گا بھی نہیں یہ بات پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ' صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ' صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی' پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی' پارلیمانی سیکرٹری برائے جنگلات سردار مسعود لونی و دیگر نے معرکہ حق کے حوالے سے بیان جاری کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ آج کا دن پاکستانی عوام کیلئے ایک اہم اور خوشی کا دن ہے اس دن کی مناسبت سے پاک افواج نے بہادری اور جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے جس طرح اپنے دشمن کے ہوش کو ٹھکانے لگادیا

# پاکستان نے معرکہ حق میں بھارت کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملادیا، صادق عمرانی

معرکہ حق پاکستان کی عسکری تاریخ کا اہم سنگ میل جس میں پاک فوج نے دشمن کے حملے کو مہارت سے ناکام بنایا' سینئر صوبائی وزیر

پاک فوج کے لڑاکا طیاروں نے فیلڈ مارشل کی قیادت میں بھارتی جنگی جہازوں کو تباہ کرکے پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا' رہنما پی پی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے "معرکہ حق" کو پاکستان کی عزت، طاقت اور بلند وقار کا دن قرار دیا ہے، اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت نے جرات اور بہادری سے فوری ردعمل کے ذریعے دشمن ملک بھارت کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا تھا، انہوں نے کہا کہ معرکہ حق پاکستان کی عسکری تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے جس میں پاک فوج نے دشمن کے حملے کو مہارت سے ناکام بنایا اس تاریخی......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر ملک بھر میں اس کا جشن منایا جارہا ہے یہ معرکہ قومی یکجہتی عسکری مضبوطی اور دفاعی صلاحیتوں کے عروج کی علامت قرار دیا گیا ہے، میر محمد صادق عمرانی نے مزید کہا کہ پاک فوج کے لڑاکا طیاروں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں عسکری مہارت کے ذریعے بھارتی جنگی جہازوں کو تباہ کرکے پوری دنیا میں اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا، صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیاء میں ایک ذمہ دارانہ ملک ہے اور ہماری ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ ہمسایہ ممالک کے ساتھ برابری کی بنیاد پر باوقار طریقے سے پرامن رہ کر خطے کی ترقی و خوشحالی میں کردار ادا کیا جائے لیکن جنگی جنون میں مبتلا بھارت شروع دن ہی سے پاکستان کو غیر مستحکم کرکے اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنے کی ناکام کوششیں کررہا ہے جس میں اسے ہمیشہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑا ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہمیشہ حب الوطنی کے ساتھ سیاسی و عسکری قیادت کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر ملک کی سلامتی اور استحکام کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

# پاکستانی قوم تاریخی کامیابی عزم و اتحاد کے طور پر منارہی ہے، علی مدد جتک

پاک افواج نے دشمن کو بروقت جواب دیا' ملکی سلامتی، خودمختاری اور دفاع ہر پاکستانی کی اولین ترجیح ہے' صوبائی وزیر

پاکستان امن کا داعی' دشمن کی ہر سازش کو قومی اتحاد اور عسکری قوت سے ناکام بنائیں گے' رہنماء پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ معرکہ حق کی تاریخی کامیابی کا دن ہے، پوری قوم اسے قومی عزم و اتحاد کے طور پر منا رہی ہے، پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع ہر پاکستانی کی اولین ترجیح ہے اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ پاک افواج نے دشمن کی جارحیت کا بروقت اور موثر جواب دے کر قوم کا سر فخر سے بلند کردیا، معرکہ حق نے ثابت کردیا کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی جراتمندانہ قیادت اور وزیراعظم......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف کے بروقت فیصلے قابل تحسین ہیں، بلوچستان کے عوام ہمیشہ کی طرح اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں انہوں نے کہا کہ دشمن کی ہر سازش کو قومی اتحاد اور عسکری قوت سے ناکام بنایا جائے گا، پاکستان امن کا داعی ہے مگر ملکی دفاع پر کسی قسم کی مصلحت قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی مسلح افواج کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے ہر پاکستانی متحد اور پرعزم ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# معرکہ حق، دشمن کی سازش ناکام' قوم کا سر فخر سے بلند ہوا' ضیاء لانگو

بلوچستان کے عوام سیکورٹی اداروں کیساتھ' ملکی دفاع پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا' وزیر داخلہ

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں معرکہ حق کا دن جوش و خروش اور تہوار کے طور پر منایا جارہا ہے جبکہ پاکستان کا وجود خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کی علامت ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے پاک فوج کی جانب سے دشمن کی جارحیت بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر

کا فوری اور موثر جواب دینے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا کر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کردیا گیا انہوں نے کہا کہ معرکہ حق سے جڑی پیشرفت محض ایک عسکری کامیابی نہیں بلکہ ملکی تاریخ کا اہم موڑ ہے۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کی قائدانہ صلاحیتوں اور بروقت فیصلوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں ملک نے مضبوط موقف اختیار کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام سمیت پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملکی دفاع پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے، تاہم اگر کسی نے جارحیت مسلط کرنے کی کوشش کی تو بھرپور جواب دیا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 2/

Dated: 10 MAY 2026 Page No. 12

# پولیو کی روک تھام کیلئے مہم کو مزید بہتر بنایا جائے، چیف سیکرٹری

## ای پی آئی کی ڈیجیٹائزیشن کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں اور ویکسینیٹرز کی حاضری ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے لی جاسکے گی اور ویکسینیشن مہم کو بھی ایپ کے ذریعے ٹریس کی جاسکتی ہے

## پولیو کے خاتمے کے لیے صوبائی حکومت مکمل طور پر پرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، شکیل قادر کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کا اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبائی ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے سے پولیو کے خاتمے کے لیے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبے بھر میں پولیو کے خاتمے کی مہم کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے صوبائی حکومت مکمل طور پر پرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ مہم کے دوران حفاظتی اقدامات کو یقینی بنائیں اور والدین کو ویکسینیشن کے فوائد سے آگاہ کریں۔ اس موقع پر صوبائی کوآرڈینیٹر ای او سی انعام الحق نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اجلاس کو بتایا گیا کہ پچھلے مہینے 8 جگہوں پر ماحولیاتی نمونے مثبت پائے گئے جو کہ باعث تشویش ہے اور اس سے پولیو پھیلنے کا خطرہ پیدا ہوسکتا ہے۔ 18 مئی سے انسداد پولیو مہم شروع ہوگی جس میں 25 اضلاع میں 19 لاکھ بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے اور 7699 ٹیم مہم میں حصہ لے گی۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پولیو کی روک تھام کے لیے مہم کو مزید بہتر بنایا جائے۔ اجلاس میں گزشتہ مہم کا جائزہ لیا گیا چیف سیکرٹری نے بہترین کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر اجلاس کو ای پی آئی (روٹین امیونائزیشن)

(بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 5 پر)

کے حوالے سے بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ ای پی آئی کی ڈیجیٹائزیشن کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں اور ویکسینیٹرز کی حاضری ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے لی جاسکے گی اور ویکسینیشن مہم کو بھی ایپ کے ذریعے ٹریس کی جاسکتی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated 10 MAY 2026 Page No. 11

# دشمن کے عزائم ناکام بنانے کیلئے ادارے متحرک ہیں، آئی جی ایف سی

## فورسز کی جانب سے عوامی مقامات، تجارتی مراکز، مذہبی مقامات اور اہم سرکاری تنصیبات کی سیکورٹی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے

**کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں امن وامان کا قیام اولین ترجیح ہے، میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ کی کوئٹہ شہر کے دورہ کے موقع پر بات چیت**

کوئٹہ (یو این اے) آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ نے کوئٹہ شہر کا تفصیلی دورہ کیا، جس کے دوران انہوں نے شہر کے مختلف حساس اور اہم علاقوں میں سیکورٹی صورتحال، حفاظتی انتظامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران سپنی روڈ، ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، ہزارہ ٹاؤن، اختر آباد، شاہوانی ایونیو، ہجی بیگ، سریاب روڈ، جناح روڈ، شاہراہ اقبال، میزان چوک، مشن روڈ اور سرکلر روڈ سمیت متعدد اہم شاہراہوں اور علاقوں کا معائنہ کیا گیا۔ ان مقامات پر سیکیورٹی چیک پوسٹس، ناکہ بندیوں، داخلی وخارجی راستوں، گشت کے نظام اور حساس تنصیبات کی حفاظت کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

# آئی جی ایف سی (نارتھ) کی شہید میجر انور کاکڑ کی رہائش گاہ آمد

**قوم شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ**

کوئٹہ (پ ر) آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ کی شہید میجر انور کاکڑ کی گھر آمد، اہل خانہ سے اظہار یکجہتی آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے شہید میجر انور کاکڑ کے گھر جا کر اہل خانہ اور بچوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی اور پاک سرزمین کے دفاع کیلئے دی جانے والی یہ عظیم قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

MASHRIQ QUETTA

# یو اے ای کا تعمیر شدہ ہسپتال حکومت بلوچستان کے حوالے

## سیکرٹری صحت بلوچستان نے کراچی میں متحدہ عرب امارات کے قونصل خانے کا دورہ کیا

**جیوانی میں اسپتال قائم کر کے عوام دوستی اور بھائی چارے کی اعلیٰ مثال قائم کی گئی ہے، مجیب الرحمان**

کراچی (خ ن) متحدہ عرب امارات کے پاکستان میں قونصل جنرل ڈاکٹر بخیت عتیق الرمیثی اور متحدہ عرب امارات کے شاہی خاندان کے اراکین کی دعوت پر سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمان نے کراچی میں متحدہ عرب امارات کے قونصل خانے کا دورہ کیا، جہاں جیوانی کے عوام کے لیے متحدہ عرب امارات کے شاہی خاندان کی جانب سے تعمیر کردہ طبی مرکز کی حکومت بلوچستان کو حوالگی اور اس کی فعالیت سے متعلق تفصیلی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران اسپتال کی فعالیت، آپریشنل ضروریات، مستقبل میں توسیع، اور جیوانی سمیت ملحقہ علاقوں کے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمان نے حکومت متحدہ عرب امارات اور شاہی خاندان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بلوچستان کے دور افتادہ ساحلی علاقے جیوانی میں اسپتال قائم کر کے عوام دوستی اور بھائی چارے کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے اس طبی مرکز کو مزید اپ گریڈ کرتے ہوئے اسے تحصیل ہیڈکوارٹر (THQ) اسپتال کا درجہ دے دیا ہے، جس سے مقامی آبادی کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ ڈاکٹر بخیت عتیق الرمیثی نے یقین دہانی کروائی کہ اسپتال کے لیے درکار تمام طبی آلات اور مشینری متحدہ عرب امارات کی جانب سے فراہم کی جائے گی، جبکہ حکومت بلوچستان اسپتال کے آپریشنل اخراجات، ہیومن ریسورس اور دیگر جاری اخراجات برداشت کرے گی تاکہ اسپتال کو مؤثر اور پائیدار انداز میں فعال رکھا جا سکے۔ سیکرٹری صحت بلوچستان نے پاکستان، بالخصوص بلوچستان کے عوام، اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام متحدہ عرب امارات کی قیادت اور شاہی خاندان کی جانب سے صوبے کے لیے کی جانے والی معاونت، محبت اور خیرسگالی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ دونوں جانب سے اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں صحت کی سہولیات اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو مزید بہتر بنانے کے لیے باہمی تعاون کو مستقبل میں بھی جاری رکھا جائے گا۔

# ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے اعلیٰ سطحی وفد کا دورہ بلوچستان

## وفد نے محکمہ مواصلات و تعمیرات بلوچستان کے سیکرٹری بابر خان سے ملاقات کی

**دورے کا مقصد سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لینا اور ترقیاتی منصوبوں میں تعاون کو فروغ دینا تھا**

کوئٹہ، (خ ن) ایشین ڈیولپمنٹ بینک (ADB) کا ایک اعلیٰ سطحی وفد کنٹری ڈائریکٹر ایما فین اور ڈپٹی کنٹری ڈائریکٹر سید حسین حیدر کی سربراہی میں بلوچستان کے دورے پر کوئٹہ پہنچا وفد کے دورے کا مقصد صوبے کے پسماندہ اور دور دراز علاقوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لینا اور ترقیاتی منصوبوں میں تعاون کو فروغ دینا تھا تاکہ ان علاقوں کی معاشی و سماجی ترقی کو یقینی بنایا جا سکے دورے کے دوران ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے وفد نے محکمہ مواصلات و تعمیرات بلوچستان کے حکام کے ساتھ ایک اہم اجلاس میں شرکت کی محکمہ مواصلات و تعمیرات کے وفد کی قیادت سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کی جبکہ اجلاس میں چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی شریک تھے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے وفد کو صوبے میں جاری اہم ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں سڑکوں، پلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کے منصوبے صوبے کی معاشی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے نہایت اہمیت کے حامل ہیں انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے نہ صرف صوبے میں آمد و رفت کے نظام میں بہتری آئے گی بلکہ تجارتی سرگرمیوں روزگار کے مواقع اور سرمایہ کاری میں بھی اضافہ ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لیے بین الاقوامی مالیاتی اداروں کا تعاون انتہائی اہم ہے اور ایشین ڈیولپمنٹ بینک کی معاونت سے صوبے میں ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جا سکتا ہے اس موقع پر ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے وفد نے بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ صوبے کی پسماندگی دور کرنے اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا وفد نے یقین دہانی کرائی کہ ایشین ڈیولپمنٹ بینک آسان شرائط پر قرض اور مالی معاونت فراہم کرے گا تاکہ صوبے میں انفراسٹرکچر کی ترقی مواصلاتی نظام کی بہتری اور عوامی سہولیات کے منصوبوں کو مزید مؤثر انداز میں مکمل کیا جا سکے وفد نے بلوچستان حکومت کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ باہمی تعاون سے صوبے میں پائیدار ترقی اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 10 MAY 2026

Page No. 13


# گوادر کو اسمارٹ عالمی پورٹ سٹی بنانے کی تیاری ماسٹر پلان کے دوسرے مرحلے پر عملدرآمد شروع

آئندہ 10 برس میں انفراسٹرکچر اور ماحول دوست منصوبوں کا جال بچھایا جائیگا' امبریلا پی سی ون منظوری کیلئے صوبائی اور وفاقی حکومت کو پیش کیا جائیگا

ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کی سربراہی میں اجلاس' مجوزہ منصوبوں پر غور' گوادر پاکستان کا مستقبل کا معاشی وتجارتی مرکز بننے جارہا ہے' معین الرحمان

گوادر (این این آئی) گوادر کو 280 ارب روپے کے میگا منصوبوں سے اسمارٹ عالمی پورٹ سٹی بنانے کی تیاری، گوادر اسمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے دوسرے مرحلے پر عملدرآمد شروع، اگلے 10 برسوں میں انفراسٹرکچر، ٹورازم، واٹر، روڈز، انڈسٹریل زونز اور ماحول دوست منصوبوں کا جال بچھے گا، تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان کی سربراہی میں گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے تحت

بقیہ نمبر 54 صفحہ 5 پر

آئندہ ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں گوادر کے آئندہ 10 سالہ ترقیاتی پروگرام کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے مجوزہ منصوبوں پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ گوادر کو عالمی معیار کی جدید، اسمارٹ، ماحول دوست اور معاشی شہر بنانے کے لئے گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے دوسرے یعنی درمیانی مرحلے (2025 تا 2035) کے تحت تقریباً 280 ارب روپے کے میگا ترقیاتی منصوبے مرحلہ وار شروع کیے جائیں گے۔ اجلاس میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ڈائریکٹر ٹاون پلاننگ شاہد علی نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی جبکہ پروجیکٹ ڈائریکٹر اولڈ ٹاون بحالی منصوبہ میر دودا خان مری، پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ، سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگ شیخ آصف غنی، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاون پلاننگ عبدالرزاق سمیت سینئر انجینئرز اور افسران بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاون پلاننگ عبدالرزاق نے بتایا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں جی ڈی اے ایک جامع 10 سالہ ترقیاتی پروگرام امبریلا پی سی ون کے تحت مرتب کر رہی ہے، جسے منظوری اور فنڈز کے حصول کے لئے پہلے صوبائی حکومت اور بعد ازاں وفاقی حکومت کو پیش کیا جائے گا جو آئندہ مالی سال 27-2026 میں شامل ہونے کی امید ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ پروگرام جی ڈی اے کے پہلے سے جاری بزنس پلان سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں کا ایک مربوط مجموعہ ہوگا اور اس کا بنیادی مقصد گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان پر مکمل اور موثر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ماسٹر پلان اب اپنے دوسرے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، جس کے تحت گوادر میں جدید شہری انفراسٹرکچر، صنعتی ترقی، سماجی و معاشی بہتری، ماحولیاتی تحفظ، سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ اور جدید میونسپل سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اجلاس میں معین الرحمٰن خان نے کہا کہ گوادر پاکستان کا مستقبل کا معاشی، تجارتی اور بحری مرکز بننے جارہا ہے، اس لئے ترقیاتی منصوبوں کو جدید تقاضوں، ماحول دوست پالیسیوں اور عالمی معیار کے مطابق ترتیب دیا جارہا ہے تاکہ مقامی آبادی کو بنیادی اور جدید شہری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

# وفاقی حکومت کا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام صوبوں کے حوالے کرنے پر غور

18 ویں ترمیم کے بعد تمام اختیارات صوبوں کے پاس ہیں تو امدادی رقوم بھی صوبوں کو ادا کرنی چاہئیں' وفاقی وزیر کھیل داس کوہستانی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام صوبوں کے حوالے کرنے پر غور شروع کردیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر کھیل داس کوہستانی نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے بعد تمام اختیارات صوبوں کے پاس ہیں تو امدادی رقوم بھی صوبوں کو ادا کرنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ صوبوں کی جانب سے بھی یہ آواز اٹھائی گئی ہے تاہم حکومت کوئی بھی فیصلہ اتحادیوں اور سیاسی جماعتوں سے مشاورت کے

بقیہ نمبر 42 صفحہ 5 پر

بعد ہی کرے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام مکمل ختم کرنے کی بات زیر غور نہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 10 MAY 2026

Page No. 15

# لورالائی پولیس کا فیکٹری پر چھاپہ کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد

## لورالائی کے علاقے منزکی، میختر میں کامیاب کارروائی کی گئی فیکٹری سے بڑی مقدار میں منشیات برآمد ہوئیں

### تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج، گرفتاری کے لیے کوششیں تیز کردی، ایس ایس پی ڈاکٹر فہد کی پریس کانفرنس

لورالائی (خ ن) لورالائی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک مبینہ منشیات ساز فیکٹری پر چھاپہ مار کر کروڑوں روپے مالیت کی بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی، جبکہ تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے ان کی گرفتاری کے لیے کوششیں تیز کردی گئی ہیں۔ ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد (PSP) نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ 8 مئی کو خفیہ اطلاع پر ایس ایچ او میختر انسپکٹر ہمایوں ناصر اور سی آئی اے انچارج سب انسپکٹر محمد انور جلالزئی کی سربراہی میں لورالائی کے علاقے منزکی، میختر میں کامیاب کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران منشیات تیار کرنے والی ایک فیکٹری پر چھاپہ مارا گیا جہاں سے بڑی مقدار میں منشیات برآمد ہوئیں۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے کارروائی کے دوران 5 من سے زائد چرس، 15 من سے زائد بھنگ اور 39 کلوگرام کوکنار قبضے میں لے لیا۔ برآمد شدہ منشیات کی مالیت کروڑوں روپے بتائی جارہی ہے۔ ایس ایس پی ڈاکٹر فہد احمد کے مطابق واقعے میں ملوث تین ملزمان کے خلاف کنٹرول آف نارکوٹکس سبسٹینس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، جبکہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی پولیس منشیات کے خاتمے کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل پیرا ہے اور نوجوان نسل کو منشیات جیسی لعنت سے بچانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ ایس ایس پی لورالائی کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں، اسمگلروں اور منشیات کی کاشت میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی کو بھی معاشرے کو تباہی کی طرف دھکیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ منشیات سمیت دیگر جرائم کے حوالے سے فوری طور پر پولیس کو اطلاع دیں تاکہ عوامی تعاون سے علاقے میں امن وامان کے قیام، نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل اور صحت مند معاشرے کی تشکیل کو یقینی بنایا جاسکے۔

# خضدار پولیس کی کاروائی دوملزمان گرفتار

### غیر قانونی اسلحہ و ڈکیتوں کے خلاف مہم جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار پولیس کا چور و ڈکیتوں کے خلاف ایک اور کامیاب کاروائی دوملزمان گرفتار۔ تفصیلات کیمطابق سٹی پولیس کی غیر قانونی اسلحہ و ڈکیتوں کے خلاف مہم میں ایس ایچ او سٹی منیر عالم جنگ اور پولیس ٹیم نے سٹی ایریا میں کامیاب کاروائیاں کی پہلی کاروائی میں غیر قانونی اسلحہ کیس میں ملزم نادر کو گرفتار کرکے پسٹل برآمد کرکے مقدمہ درج کاروائی شروع کردی دوسری کاروائی میں موبائل چھیننے اور ڈکیتی میں ملوث ملزم علی گوہر کو گرفتار کرکے دو عدد چھینی ہوئی موبائل فون برآمد کرکے مقدمہ درج تفتیش شروع کردی جرائم پیشہ افراد کے خلاف ایسی کاروائیاں جاری رہیگی۔

# حب، رند مارکیٹ سے اغوا ہونے والی بچی 24 گھنٹوں میں بازیاب

### اغوا میں ملوث ماں بیٹی گرفتار، پولیس کی جدید ٹریننگ پر عوامی حلقوں کا خراج تحسین

حب (یو این اے) حب پولیس نے ایس پی محمد بلوچ کی سربراہی میں ایک بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے رند مارکیٹ سے اغوا ہونے والی کمسن بچی کو محض 24 گھنٹوں کے اندر بحفاظت بازیاب کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق بچی کو رند مارکیٹ سے دو خواتین نے اغوا کیا تھا، جس پر ایس پی حب نے فوری ایکشن لیتے ہوئے جدید انداز میں تفتیش اور ٹیکنالوجی کے ذریعے ٹریسنگ کا عمل شروع کیا۔ حب پولیس نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے بچی کو رئیس گوٹھ سے بازیاب کروا کر اغوا کاروں کے چنگل سے چھڑا لیا۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے میں ملوث دو خواتین کو گرفتار کرلیا گیا ہے جو آپس میں ماں اور بیٹی بتائی جاتی ہیں، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے تاکہ اغوا کے مقاصد اور دیگر سہولت کاروں کا پتہ لگایا جاسکے۔ حب کے عوامی حلقوں نے ایس پی محمد بلوچ کی جرات مندانہ اور فوری کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے فرض شناس اور بہادر افسران کی بدولت ہی عوام کا پولیس پر اعتماد بحال ہوتا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ ملزمان کو قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کا سدباب ہوسکے۔

# نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر سامان سے بھری ڈاٹسن چھین لی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے چھتر میں نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر سامان سے بھری ڈاٹسن چھین لی ڈرائیور کو بھی اغوا کرلیا گیا پولیس کے مطابق نصیر آباد کے علاقے چھتر پولیس تھانے کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر سامان سے بھری احمد خان کورار کی ڈاٹسن چھین لی۔ جبکہ ڈرائیور کو بھی اغوا کرکے اپنے ساتھ لے گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

INTEKHAB QUETTA

# اسمگلنگ کی کوشش ناکام، پسنی سے اسلحہ ومنشیات کی بھاری کھیپ پکڑی گئی

### اینٹی نارکوٹکس فورس کی کامیاب کارروائی، برآمد منشیات کی مالیت کروڑوں روپے ہے

پسنی (نامہ نگار) پسنی میں اسلحہ اور منشیات کی بڑی کھیپ برآمد، اسمگلنگ کی کوشش ناکام اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس (اسپیشل انویسٹیگیشن سیل) گوادر نے ایک کامیاب کارروائی کے دوران پسنی کے ساحلی علاقے سے اسلحہ اور منشیات کی بھاری کھیپ برآمد کرلی۔ کارروائی خفیہ اطلاع کی بنیاد پر عمل میں لائی گئی، جس کے دوران اے این ایف کی مشترکہ ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنا دی، ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائی کے دوران جدید اسلحہ، جن میں گلاک پستولز شامل ہیں، کے علاوہ بھاری مقدار

بقیہ نمبر 39 صفحہ 5 پر

میں میتھ ایمفیٹامین (آئس) بھی قبضے میں لی گئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ برآمد ہونے والی منشیات کی بین الاقوامی مارکیٹ میں مالیت کروڑوں روپے بتائی جاتی ہے اے این ایف حکام کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (اسپیشل انویسٹیگیشن سیل) گوادر نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ملک کو منشیات اور غیر قانونی اسلحے سے پاک کرنے کے لیے ایسی کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھی جائیں گی، ترجمان نے عوام سے اپیل کی کہ منشیات فروشوں اور اسمگلروں کے خلاف قومی جنگ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں خصوصاً اے این ایف کا ساتھ دیں اور مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو فراہم کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Set No. 6

Dated 10 MAY 2026

Page No. 17

## صوبائی حکومت کا بلوچستان کی پائیدار ترقی کیلئے دس سالہ جامع ترقیاتی منصوبہ، صوبے کی ترقی وخوشحالی کی نوید

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤچن ایما فین کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں آبی وسائل، زراعت، منرلز اینڈ مائنز، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، اسکلز ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور خصوصی طور پر زیر بحث آئے۔ ملاقات کے دوران ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے کچھی کینال سمیت بلوچستان کے آبی وزرعی ترقیاتی منصوبوں میں وسیع المدتی سرمایہ کاری اور مالی معاونت میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنی تربیت اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے قابل عمل منصوبوں پر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت ترقیاتی عمل میں عالمی اور قومی ڈویلپمنٹ پارٹنرز کو خوش آمدید کہتی ہے اور صوبے میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے قابل عمل اور منافع بخش شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ محدود ترقیاتی وسائل میں عوامی ضروریات کے مطابق مؤثر ترقیاتی حکمت عملی پر عمل درآمد اور صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ ایک بڑا چیلنج ضرور ہے تاہم حکومت ترجیحات کا درست تعین کر کے دیرپا اور عوام دوست منصوبوں پر پیش رفت کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے دس سالہ جامع ترقیاتی پلان مرتب کر لیا گیا ہے جس کے تحت مختلف شعبوں میں مرحلہ وار اصلاحات اور ترقیاتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ بلوچستان کو سرمایہ کاری کے لیے محفوظ، پرامن اور پرکشش خطہ بنایا جا رہا ہے اور حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور مؤثر سیکیورٹی فراہم کرے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت میگا منصوبوں کے تحفظ، تکمیل اور مؤثر عملدرآمد کی مکمل استعداد اور صلاحیت رکھتی ہے جبکہ ترقیاتی منصوبوں اور نئے معاشی مواقعوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ صوبے میں 3200 بند اسکول دوبارہ فعال کیے جا چکے ہیں جبکہ 2100 کمیونٹی بیسڈ نئے اسکول بھی قائم کیے گئے ہیں۔ اب حکومت کی توجہ معیاری تعلیم، جدید تعلیمی سہولیات اور انسانی وسائل کی ترقی پر مرکوز ہے تاکہ نوجوانوں کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں گڈ گورننس، شفافیت اور میرٹ کے فروغ کے لیے اصلاحاتی اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور حکومت بلوچستان مؤثر پالیسی سازی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اہداف کے حصول کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہی ہے۔

بلوچستان حکومت کی جانب سے صوبے میں آبی وسائل، زراعت، منرلز اینڈ مائنز، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، اسکلز ڈویلپمنٹ، میگا منصوبوں اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے اقدامات روشن مستقبل اور خوشحال بلوچستان کی نوید ہیں جو خطے میں ایک بڑی مثبت تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوں گے۔ بلوچستان میں دس سالہ جامع ترقیاتی پلان گیم چینجر سوچ ہے، بشرطیکہ منصوبوں پر سنجیدگی سے عمل کیا جائے، گورننس پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے، کرپشن، بدعنوانی کا مکمل خاتمہ یقینی بنانے کیلئے ٹھوس حکمت عملی اور میکنزم تشکیل دی جائے تاکہ خطے کی دیرینہ پسماندگی اور محرومیوں کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ عوام کا پیسہ صحیح معنوں میں عوام پر ہی خرچ کیا جائے، اس سے صوبے کا مکمل نقشہ تبدیل ہوگا اور بلوچستان ایک مثالی ترقی یافتہ خوشحال صوبہ کے طور پر ابھرے گا۔ امید ہے کہ حکومت عوامی مفاد کے منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنائے گی جن سے انہیں براہ راست فائدہ پہنچے گا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
[G]ENERAL OF PUBLIC
[RELAT]IONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily Balochistan News Quetta
Dated: 10 MAY 2026
Page No.

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کا وژن اور عملی اصلاحات !!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ان کی زیر قیادت موجودہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام میں کچھ کوتاہیاں ہوئی ہیں جن کی انکوائری کے احکامات جاری کردیئے ہیں، پروگرام کے تحت تمام اضلاع کے نوجوانوں کو یکساں مواقع فراہم کررہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں کیا۔ دوران اجلاس میں نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ نے وزیر محکمہ محنت و افرادی قوت کی توجہ اس جانب مبذول کرانے کے لئے سوال پوچھا تھا متعلقہ وزیر نے اس کا جواب دیا تاہم وزیراعلیٰ صاحب کے اظہار خیال اور وضاحت کے بعد یہ امید مزید گہری ہوگئی ے کہ چیف منسٹر یوتھ سکل ڈویلپمنٹ کو مزید بہتر و منظم بنایا جائے گا۔ ہنرمند نوجوان بلوچستان کی معیشت و معاشرت کی ترقی کے ضامن ہیں بلوچستان کے نوجوان ہنر اور روزگار کے متلاشی ہیں صوبے میں بے روزگاری، ہنر کی کمی، تعلیمی مواقع کی محدود دستیابی اور عالمی منڈی سے کمزور رابطہ ایسے مسائل ہیں جنہوں نے صوبے کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو پوری طرح سامنے آنے سے روکے رکھا۔ ایسے میں اگر حکومت کسی جامع اور عملی پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی کوشش کرے تو یہ نہ صرف خوش آئند بلکہ مستقبل کی سمت درست کرنے کے مترادف ہے چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام اسی وژن کی ایک اہم کڑی ہے جس کا مقصد بلوچستان کے نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر انہیں باعزت روزگار کے قابل بنانا ہے۔ وزیراعلیٰ کا یہ کہنا کہ پروگرام میں کچھ کوتاہیاں سامنے آئی ہیں اور ان کی باقاعدہ انکوائری کا حکم دے دیا گیا ہے، دراصل ایک ذمہ دار اور جوابدہ طرز حکمرانی کی واضح مثال ہے۔ حکمرانی کا اصل حسن یہی ہے کہ کامیابیوں پر اکتفا نہ کیا جائے بلکہ خامیوں کو بھی کھلے دل سے تسلیم کر کے ان کی اصلاح کی جائے۔ یہی وہ طرز عمل ہے جو عوامی اعتماد کو مضبوط بناتا ہے۔ چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کی بنیادی روح نوجوانوں کو ہنرمند بنانا اور انہیں عالمی منڈی تک رسائی دینا ہے۔ دنیا تیزی سے تبدیل ہورہی ہے اور اب ترقی کا معیار محض روایتی تعلیم نہیں بلکہ فنی اور تکنیکی مہارتیں بن چکی ہیں۔ جدید دور میں وہی قومیں ترقی کرتی ہیں جو اپنی افرادی قوت کو ہنرمند بناتی ہیں۔ جرمنی، جاپان، جنوبی کوریا اور چین جیسے ممالک کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں جہاں فنی تعلیم کو قومی ترقی کا ستون بنایا گیا۔ بلوچستان جیسے صوبے کے لئے تو یہ ضرورت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ یہاں نوجوان آبادی کی بڑی تعداد موجود ہے جسے درست سمت مل جائے تو صوبے کی معاشی تقدیر بدل سکتی ہے۔ اس پروگرام کے تحت تیس ہزار نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار دلانے کا ہدف دراصل ایک بڑی اور دوررس سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ اگرچہ عملی مراحل میں کچھ مشکلات اور بے قاعدگیاں سامنے آئیں، مگر اس سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ وزیراعلیٰ نے فوری طور پر اس کا نوٹس لیا اور طریقہ کار کو مزید شفاف بنانے کا اعلان کیا۔ یہ فیصلہ کہ اب نوجوانوں کو بیرون ملک بھیجنے کے لئے ایچ آر ہائرنگ کمپنیوں کے ذریعے شفاف اور مساوی کوٹے کے تحت مواقع فراہم کئے جائیں گے، اصلاحات کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔ اس سے نہ صرف میرٹ کا تحفظ ہوگا بلکہ نوجوانوں اور ان کے والدین کا اعتماد بھی بحال ہوگا۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ حکومت نے تمام اضلاع کے نوجوانوں کو یکساں مواقع فراہم کرنے پر زور دیا ہے۔ بلوچستان کا جغرافیہ وسیع اور آبادی منتشر ہے، اس لئے ترقیاتی پروگرام اکثر چند بڑے شہروں تک محدود رہ جاتے ہیں۔ لیکن جب حکومت واضح طور پر یہ اعلان کرے کہ ہر ضلع کے نوجوانوں کو برابر مواقع ملیں گے تو یہ صوبے کے دوردراز علاقوں کے لئے امید کی کرن بن جاتا ہے۔ اس اقدام سے احساس محرومی میں کمی آئے گی اور صوبائی ہم آہنگی کو فروغ ملے گا۔ فنی و تکنیکی تعلیم کی اہمیت آج کے دور میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ روایتی تعلیمی ڈگریاں اپنی جگہ اہم ہیں مگر صرف ڈگریاں روزگار کی ضمانت نہیں رہیں۔ دنیا بھر میں اسکل بیسڈ ایجوکیشن یعنی ہنر پر مبنی تعلیم کو ترقی کی کنجی سمجھا جارہا ہے۔ تعمیرات، آئی ٹی، مکینیکل، الیکٹریکل، آٹو موبائل، صحت اور دیگر شعبوں میں مہارت رکھنے والے افراد کی عالمی سطح پر بہت مانگ ہے۔ اگر بلوچستان کے نوجوان ان شعبوں میں تربیت حاصل کریں تو نہ صرف بیرون ملک روزگار حاصل کرسکتے ہیں بلکہ صوبے کے اندر بھی صنعت و تجارت کے فروغ میں کردار ادا کرسکتے ہیں۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6/ Dated: Page No. 1

# گرین اور پنک بس سروسز کو الیکٹرک میں تبدیل کرنے کا فیصلہ!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ماحولیاتی آلودگی زیادہ ہے۔شہر کے کچھ علاقوں میں ترقیاتی کام ہونے کی وجہ سے گردوغبار کا رہنا، کرشنگ پلانٹس کے ہونے، نالوں کی بروقت صفائی نہ کرنے، دھواں دینے والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ایک بڑی تعداد کا شہر کی سڑکوں پر چلنا، اینٹ کے بھٹوں کا ہونا، درختوں کا نہ لگانا اور ان کی حفاظت نہ کرنے جیسے اقدامات جب تک نہیں اٹھائے جاتے ماحولیاتی آلودگی کا خاتمہ ممکن نہیں ہے۔اس کے لیے متعلقہ محکمے گاہے بگاہے اقدامات کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔کچھ عرصہ قبل صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں چلنے والے پرانے ماڈل کے ٹوسٹروک رکشوں کو ختم کرکے ان کی جگہ فورسٹروک رکشوں کو متعارف کروایا گیا۔جس سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے کچھ کامیابی ہوئی۔صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سالوں پرانی لوکل بسیں ایک عرصے سے چل رہی تھیں جو کہ انتہائی خستہ حال اور ان کے انجن دھواں دیتے تھے۔اس سے بھی ماحولیاتی آلودگی پیدا ہوئی تھی۔اس اثناء میں گرین بسوں کو متعارف کروایا گیا۔بعد ازاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس منصوبے میں توسیع کرنے کا اعلان کیا۔پہلے مرحلے میں صرف 8 بسوں کو بلوچستان یونیورسٹی سریاب روڈ سے بیوٹمز یونیورسٹی بلیلی تک چلایا گیا۔یہ منصوبہ کامیابی سے ہمکنار ہوا اس میں جہاں مسافروں کو آرام دہ اور سستا سفر میسر ہوا وہاں ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے میں بھی بڑی مدد ملی۔جوکہ بلاشبہ اچھی بات ہے۔اس کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان کے گرین بسوں کے پروگرام میں توسیع دیتے ہوئے اس کارواں میں مزید بسوں کا اضافہ کیا گیا جن میں گرین بسوں کے ساتھ خواتین کے لیے الگ سے پنک بس سروس بھی چلائی گئی۔اس کے ساتھ سکوٹیز کا بھی اجراء کیا گیا اور اس سلسلے میں قرعہ اندازی میں انتہائی کم قیمت اور آسان قسطوں پر سکوٹیز فراہم کی گئیں جوکہ قابل تعریف اقدام ہے۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کا آٹھواں اجلاس منعقد ہوا جس میں گرین اور پنک بس سروسز کو مرحلہ وار الیکٹرک بسوں میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد شہری ماحول کو آلودگی سے پاک بنانا اور عوام کو جدید محفوظ اور آرام دہ سفری سہولیات فراہم کرنا ہے۔توانائی کے شعبے میں کفایت شعاری اور متبادل ذرائع کے فروغ کے تحت چیف منسٹر سیکرٹریٹ کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔

# Surplus Budget ! People waiting for Change

The government of Balochistan is getting ready to present its third annual budget. The province is looking at a surplus of more than Rs 1,000 billion. On the surface, this sounds like great news. A surplus means the government has more money than it needs to spend. It sounds like a sign of good health. But we must stop and ask: if there is so much extra money, why do so many people in Balochistan still lack basic roads, clean water, and schools? Finance Minister Shoaib Noshirwani has raised a very important point. He says the province wants to increase salaries for government employees. But that decision will only be made after seeing the actual revenue that comes from the federal government. In simple words, Balochistan is waiting for its fair share from the center. This brings us to the heart of the issue: the NFC Award. The NFC Award decides how money from the federation is divided among all the provinces. Right now, the main factor for dividing money is population. But Balochistan is making a strong and fair demand. They want "area" to be given equal importance. Why is this important? Balochistan is the largest province of Pakistan by land. It has a huge area, with long distances between towns and mountains. Building a single mile of road in Balochistan costs much more than building it on the plains of Punjab. Providing health and education services to scattered villages is harder and more expensive. The population is small, but the need for resources is very high because of the geography.

Last year, the Balochistan government presented a surplus budget of over Rs 1,028 billion. In that budget, only Rs 249.50 billion was set aside for development projects. More than Rs 600 billion went to non-development expenses, like salaries and running costs. This pattern shows that most of the money is simply keeping the system running, not building new futures. When the committee meetings for the 11th NFC Award are held, the federal government must listen to Balochistan's logic. A pure population-based formula punishes a large but less populated province. It ignores the fact that a province with a vast area needs more roads, more security posts, and more infrastructure to connect its people.

CamScanner